سوال

(512)حج تمتع کی نیت سے عمرہ کا احرام باندھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس شخص نے حج تمتع کی نیت سے عمرے کا احرام باندھا اور پھر اس نے حج نہ کرنے کا ارادہ کرلیا تو کیا اس پر کچھ لازم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس پر کچھ لازم نہیں کیونکہ تمتع کرنے والا جب عمرے کا احرام باندھ لے اور اسے مکمل کرلے اور پھر حج کا احرام باندھنے سے پہلے حج نہ کرنے کا ارادہ کرلے تو اس پر کچھ لازم نہیں الا یہ کہ وہ نذر مان لے۔ اگر وہ یہ نذر مان لے کہ وہ اس سال حج کرے گا، تو اس کے لیے نذر کو پورا کرنا واجب ہوگا اور اگر اس نے نذر نہ مانی ہو تو عمرہ کرنے کے بعد حج نہ کرنے کی وجہ سے اس پر کچھ لازم نہ ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ442

محدث فتویٰ